## سبق: ۲۰

# اچھّے اِنسان

### حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جماعت کے معیار کے مطابق کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گُفت گو، خبر، ڈراما، ہدایت سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں۔
- جماعت کے معیار کے مطابق مختلف سمعی ذرائع ابلاغ (کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گُفت گو، خبر، ڈراما، ہدایت) کی نشان دہی کر سکیں۔
- ہدایات، اعلانات سُن کر انھیں سمجھیں اور عمل کر سکیں۔
- کسی بھی نظم کو لے، آہنگ اور نثر پارے کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ دُہرا سکیں۔
- عبارت (نظم ونثر) پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات کو اخذ کر سکیں۔
- نظم کے اشعار کی تشریح کر سکیں۔
- نثر پارے کی سلیس اور کسی بھی نظم کی تشریح لکھ سکیں۔
- متن (نظم ونثر) کا مرکزی خیال اور خلاصہ لکھ سکیں۔
- سابقے اور لاحقے کی مدد سے الفاظ سازی کر سکیں۔

### سوچیں اور بتائیں

- آپ دُعا میں زیادہ تر کیا مانگتے ہیں؟
- ہم دُعا کیوں کرتے ہیں؟
- اچھّے اِنسان میں کیا خوبیاں ہونی چاہییں؟
- ہم بہترین اِنسان کیسے بن سکتے ہیں؟

### کیا آپ جانتے ہیں؟

- اچھا انسان وہی ہوتا ہے جو دوسروں کو تکلیف نہ پہنچائے۔
- اِعراب کے بدل جانے سے اَلفاظ کے معانی بھی بدل سکتے ہیں۔



Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

### برائے اساتذہ کرام

- تدریسی مقاصد کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے ہر سبق کے آغاز میں ''حاصلاتِ تعلّم'' درج ہیں۔ اِن نکات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے، اِس نظم کی تدریس کی جائے۔
- طلبہ کی آمادگی کے لیے سبق پڑھانے سے پہلے ''سوچیں اور بتائیں'' کے عنوان سے سوالات اور ''کیا آپ جانتے ہیں؟'' کے عنوان سے اضافی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔
- سبق کی تفہیم کو پرکھنے اور طلبہ کی توجہ برقرار رکھنے کے لیے مطالعہ کے دوران میں ''ٹھہریں اور بتائیں'' کے عنوان سے بھی سوالات شامل کر دیے گئے ہیں۔
- سبق میں بچّوں کی دل چسپی پیدا کرنے کے لیے پڑھانے سے قبل اور دورانِ تدریس طلبہ سے متعلقہ سوالات پوچھے جائیں۔ کوشش کی جائے کہ تمام بچّے اِس عمل میں شریک ہوں۔

# اچھّے اِنسان

| الفاظ | پَیکَر | عَزِیمَت | دُودِ ہَوَس | دَھن | وَابَستگی |
|---|---|---|---|---|---|
| تَلَفُّظ | پے۔کَر | عَ۔زی۔مَت | دُو۔دے۔ہَ۔وَس | دَھ۔نْ | وا۔بَس۔تَ۔گی |

دیانت، شرافت، محبت کے پیکر
صداقت، عزیمت، شُجاعت کے پیکر

الٰہی! ہمیں ایسے انساں عطا کر

نگاہیں نہ دُھندلائیں دُودِ ہَوَس سے
دِلوں کے چمن پاک ہوں خار و خس سے

الٰہی! ہمیں ایسے انساں عطا کر

نہ منصَب کا لالچ، نہ سازش کا ڈر ہو
فقط تیری رَحمت پہ جن کی نظر ہو

الٰہی! ہمیں ایسے انساں عطا کر

نہ تَن کی محبت، نہ دَھن کی محبت
دِلوں میں فقط ہو وطن کی محبت

الٰہی! ہمیں ایسے انساں عطا کر

محمدؐ کے دامن سے وابستگی ہو
خُدا کے لیے دوستی، دُشمنی ہو

الٰہی! ہمیں ایسے انساں عطا کر

(اثر صہبائی)

**ٹھہریں اور بتائیں**

- شاعر نے کن کے دامن سے وابستہ ہونے کی بات کی ہے؟
- دوستی اور دشمنی کس کی خاطر ہو؟

**ہم نے سیکھا**

- دنیا میں نیک سیرت اور مضبوط کردار کے لوگوں کی کمی ہے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ سے ایسے لوگ عطا کرنے کی دُعا کرتے رہنا چاہیے۔
- دوسروں سے نیکی کی توقع سے پہلے ہمیں خود بھی نیک ہونا چاہیے۔



Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

# مشق



## تفہیم

**۱** درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(الف) پیکر کا کیا مطلب ہے؟

(ب) دُود ہوس سے کیا مُراد ہے؟

(ج) شاعر نے کیسی دوستی اور دشمنی کی دُعا کی ہے؟

(د) دھن کی محبت کا کیا مطلب ہے؟

(ہ) اس نظم کے آخری شعر کی تشریح کریں۔

(و) "دِلوں کے چمن پاک ہوں خار و خس سے" اس مصرعے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

## باہمی گُفت گو

**۲** ایک اچھے انسان میں کیا کیا خُوبیاں ہونی چاہییں؟ مل کر اپنی اپنی رائے کا اظہار کریں۔

## سرگرمی

- تختۂ تحریر پر لکھے اشعار کو غور سے پڑھیں اور بتائیں کہ یہ کس صنفِ سُخن سے تعلق رکھتے ہیں؟

### برائے اساتذہ کرام

- بچّوں کو سمجھائیں کہ اگر ہماری سوچ اچّھی ہوگی تو اُس کا اثر ہماری زندگی پر بھی پڑے گا۔
- طلبہ کو نظم کا مرکزی خیال اور نثر کا خلاصہ لکھنا سکھائیں۔
- طلبہ کو وہ خصوصیات بتائیں جن کو اپنا کر وُہ دُنیا و آخرت دونوں جگہ کام یاب ہو سکتے ہیں۔
- طلبہ کو اشعار کی تشریح کرنا سکھائیں۔
- بچّوں سے مشکل الفاظ بآوازِ بلند پڑھوائیں اور اُن کا املا لکھوائیں۔
- بچّوں سے ہم آواز الفاظ پوچھیں اور تختۂ تحریر پر لکھوائیں۔
- طلبہ کو اُردو کی مختلف اصنافِ سخن بالخصوص حمد، نعت اور ملی نظم کے متعلق بتائیں۔ پھر تختۂ تحریر پر ان تینوں میں سے کسی ایک صنف سے تعلق رکھنے والی کسی نظم کے چند اشعار لکھیں اور طلبہ سے پوچھیں کہ ان اشعار کا تعلق کس صنفِ سخن سے ہے۔

## لفظوں کا کھیل

**۳** اِس نظم میں سے نئے الفاظ تلاش کر کے اُنھیں الف بائی ترتیب سے کاپی میں لکھیے۔



Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

## زبان شناسی

**سابقے** وہ حُروف یا الفاظ جو کسی دُوسرے لفظ سے پہلے آ کر ایک نیا بامعنی لفظ بنا لیتے ہیں ''سابقے'' کہلاتے ہیں۔
مثال کے طور پر بے زبان، بے باک اور بے سہارا میں 'بے' سابقہ ہے۔

**لاحقے** وہ حُروف یا الفاظ جو کسی دُوسرے لفظ کے آخر میں آ کر ایک نیا بامعنی لفظ بنا لیتے ہیں ''لاحقے'' کہلاتے ہیں۔
مثال کے طور پر روشن دان، سائنس دان اور قلم دان میں 'دان' لاحقہ ہے۔

**۴** دیے گئے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے دو دو الفاظ بنائیں۔

| سابقے | الفاظ | لاحقے | الفاظ |
|---|---|---|---|
| اَن | ________ | ________ | دار |
| با | ________ | ________ | دان |
| خوش | ________ | ________ | ناک |
| کم | ________ | ________ | مند |
| نا | ________ | ________ | ور |

## پڑھنا

**۵** درج ذیل عبارات کو غور سے پڑھیں اور استحسانی اور تنقیدی گُفت گُو کو سمجھیں اور استحسانی اور تنقیدی گُفت گُو کی نشان دہی کریں۔

(ا) علی ایک ذہین اور محنتی طالب علم ہے۔ اُس نے خُوب محنت کی اور امتحان میں نمایاں نمبر حاصل کیے۔ علی کی اُستانی صاحبہ نے کہا: شاباش علی! مجھے تم پر فخر ہے۔ اگر تم اِسی طرح محنت کرتے رہے تو اِن شاءاللہ زندگی کے ہر میدان میں کامیاب رہو گے۔ علی کے امّی ابّو بھی اُس کی کامیابی پر بہت خُوش ہوئے۔ اُنھوں نے علی کی محنت کو بہت سراہا اور اُسے بائیسکل لے کر دی۔ علی کے دادا جان نے بھی اُسے پیار کیا اور کہا تمھاری کام یابی سے میرا دِل باغ باغ ہو گیا ہے۔

(ب) علی اپنے دادا جان کے ساتھ سکول جا رہا تھا۔ راستے میں ایک آدمی کیلے کھا کر چھلکے سڑک پہ پھینک رہا تھا۔ دادا جان نے اُسے کہا بھائی! کیا آپ کو اندازہ نہیں کہ آپ کے چھلکے سے پھسل کر کوئی گر سکتا ہے اور اُسے

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

چوٹ آ سکتی ہے؟ آپ کی ذرا سی غفلت سے کسی کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ کیا آپ نہیں جانتے کہ یہ بُری بات ہے؟ اُس آدمی کو اپنی غلطی کا احساس ہوا، اُس نے معذرت کی اور چھلکے اُٹھا کر کوڑا دان میں ڈال دیے۔

۶ اخبارات، رسالوں یا انٹرنیٹ کی مدد سے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی دو نظمیں حاصل کریں اور اُنھیں درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کریں۔

## لکھنا

۷ ہیڈ ماسٹر صاحب کو سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے درخواست لکھیں۔

۸ نظم کا مفہوم اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

## سرگرمی

- اچھی عادات سکھانے کے مقصد سے لکھی گئی چند مشہور نظموں کی فہرست بنایئے۔

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

## معلوماتِ عامہ

- پانی اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ انسانوں، جانوروں اور پودوں کی زندگی کی بقا کا انحصار پانی پر ہے۔ پاکستان سمیت دنیا کے بہت سے خطوں میں پینے اور آب پاشی کے لیے استعمال ہونے والے صاف پانی کے ذخائر میں تیزی سے کمی واقع ہو رہی ہے جو کہ ہماری بقا کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن سکتا ہے۔ چناں چہ ہمیں پانی کے ضیاع یا غیر ضروری استعمال سے پرہیز کرنا چاہیے اور پانی ذخیرہ کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ ڈیم بنانے چاہییں تاکہ ہماری آئندہ نسلیں اس عظیم نعمت سے محروم نہ ہوں۔

## برائے اساتذہ کرام

- مشقی سوالات حل کرنے اور قواعد کے تصورات کو سمجھنے میں طلبہ کی مدد کریں۔
- بچّوں کو الفاظ پر اعراب لگانا سکھایا جائے۔ اعراب کے بدلنے سے تلفّظ اور معانی کا فرق بھی بتایا جائے۔
- بچّوں کو ایک دوسرے کے کام آنے کی ترغیب دی جائے، اس مقصد کے لیے مختلف مثالوں کی مدد سے اس کی وضاحت کیجیے۔

# فرہنگ

| | |
|---|---|
| **سبق ۱** | **حمد** |
| آشکار | ظاہر ہونا |
| بر | زمین۔ خشکی |
| بحر | سمندر |
| بَرحق | سچ پر ہونا۔ حق پر |
| تابع | فرماں بردار۔ پابند |
| جلایا | تازگی بخشنا |
| خالق | پیدا کرنے والا مُراد اللہ تعالیٰ کی ذات |
| دارِفانی | دُنیا۔ ناپائیدار مقام |
| ذرّہ | کسی چیز کا بہت چھوٹا ٹکڑا |
| سنوارنا | دُرست کرنا۔ سلیقے سے لگانا |
| طاعت | عبادَت۔ بندگی |
| عالَم | دُنیا۔ کائنات |
| فلک | آسمان |
| کمی بیشی | کم یا زیادہ ہونا |
| مَعبُود | جس کی عبادت کی جائے |
| یارا | جُرأت۔ مجال |
| **سبق ۲** | **نعتِ** |
| اِنسانیت | شرافت۔ تہذیب |
| بزمِ جہاں | دُنیا کی محفل |
| پیغامِ حق | اللہ تعالیٰ کا پیغام۔ سچا پیغام |
| شمعِ ہدایت | راہ نمائی کی شمع |
| عُقبیٰ | آخرت۔ دوسرا جہاں |
| غافِل | بے خبر۔ لاعلم |
| محشر | قیامت |
| ہَرسُو | ہَرطرف |
| **سبق ۳** | **اسوۂ حسنہ اور رواداری** |
| حلم | بردباری، نرم دلی |
| حلیف | عہد کرنے والا۔ ساتھی |
| عفوودرگزر | خطا اور قصور معاف کرنے والا |
| فروغ ملا | ترقّی اور عروج حاصل کیا |
| کامل | مکمل، پورا |
| مساویانہ | برابر کا |
| مصائب | مصیبتیں، تکلیفیں |
| ملامت کرنا | بُرا بھلا کہنا |
| نوید | خوش خبری |
| ہم آہنگی | مطابقت، ایک دوسرے کے خیال سے متفق ہونا |
| یک جا کرنا | اکٹھا کرنا |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

| | |
|---|---|
| سبق ۴ | محنت میں عظمت |
| سرکردہ | اہم |
| عظمت | بڑائی |
| عیاں | ظاہر |
| کامرانی | کام یابی |
| سبق ۵ | چڑیا کی نصیحت |
| باتونی | بہت باتیں بنانے والا/والی |
| چونکنا | حیران ہو جانا۔ جاگنا |
| خواہش | تمنّا |
| خیالی پلاؤ پکانا | ایسی باتیں سوچنا جو پُوری نہ ہو سکیں |
| داڑھ گیلی نہ ہونا | کھانے کے لیے کم ہونا |
| عالَم | کیفیت۔ حالت |
| لذیذ | مزے دار |
| مالا مال ہونا | خوش حال ہونا |
| مبتلا ہونا | دھنسا ہونا |
| ہاتھ مَلنا | افسوس کرنا۔ پچھتانا |
| سبق ۶ | چاند میری زمیں، پھول میرا وطن |
| اہلِ قلم | مصنّفین۔ لکھنے والے۔ مُراد شاعر، ادیب |
| دِہقان | کِسان |
| کوہ کَن | پہاڑ کھودنے والا |
| لَعل | ایک قیمتی پتھر۔ پیارا |
| مَلّاح | کشتی چلانے والا |
| محنت کَش | مزدور۔ محنت کرنے والا |
| سبق ۷ | علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہِ اور نوجوان نسل |
| آمادہ | تیّار۔ راضی |
| تاب ناک | روشن |
| توسط | ذریعہ، وسیلہ |
| خودی | ذات۔ شعور۔ شعورِ ذات۔ خود آگاہی |
| رنجیدہ | غم گین۔ اُداس۔ دُکھی |
| صفات | خوبیاں |
| قیادت | رہ نُمائی |
| کاہل | سستی |
| گردوں | آسمان۔ فلک |
| متحرک | چلتا پھرتا |
| سبق ۸ | ذرا فون کر لوں؟ |
| ادیب | نظم و نثر کا ماہر |
| انشا پرداز | نثر نگار، اَدبی مضامین لکھنے والا |
| بآوازِ بلند | بلند آواز سے |
| بھڑک کر | غضب ناک ہو کر |
| پٹی سے لگ بیٹھنا | پلنگ کے پاس بیٹھنا |
| پھٹیچر | گھٹیا، کم تر |
| تشخیص | مرض کی پہچان/ شناخت |

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

| | |
|---|---|
| تعزیت | مرنے والے کے رشتہ دار سے اظہارِ ہم دردی |
| چاندنیاں | سفید چادر یا دری جو فرش وغیرہ کے اُوپر بچھاتے ہیں |
| چَرم | چمڑا، کھال |
| چھول داریاں | چھول داری کی جمع، چھوٹے خیمے |
| حیاتِ تازہ | نئی زندگی |
| دُرشتی سے | سختی سے، غصّے سے |
| دریغ | رنج، افسوس |
| دَم لینے کو | سانس لینے کو، بات کرتے ہوئے ذرا سا ٹھہرنا |
| دوا دارو | علاج معالجہ |
| ڈِنر سیٹ | کھانا کھانے کے برتنوں کا سیٹ |
| راہ و رسم | جان پہچان، تعلق داری |
| سال نامہ | کسی جریدے کا سالانہ شائع ہونے والا خاص شمارہ |
| سالن گِری | جس پر سالن گرا ہوا ہو |
| سر رہنا | پیچھے پڑے رہنا، چمٹے رہنا |
| عارضہ | مرض |
| علیک سلیک | سلام دُعا، جان پہچان |
| قبلہ | کلمۂ تعظیمی، کسی بزرگ یا عزیز کے لیے تعظیماً کہا جاتا ہے |
| گاڑھی چھننا | گہری دوستی ہونا |
| گندھک | ایک پیلے رنگ کا ٹھوس عنصر جو دھات نہیں اور آسانی سے جلنے لگتا ہے۔ دوا کے طور پر خصوصاً جلد کے امراض میں بہت کام آتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| مجرّبات | تجربہ کی ہوئی دوائیں، آزمائے ہوئے حکیموں کے نسخے |
| مرچنٹ | تاجر، تجارت یا کاروبار کرنے والا |
| مزاج پُرسی کرنا | عیادت کرنا |
| اخلاقِ کریمانہ | شفقت لیے ہوئے طور طریقے، پُرشفقت سلوک |
| ناساز | خراب |
| ناقابلِ تلافی | جس کی تلافی ممکن نہ ہو |
| نگارشات | اَدبی تحریریں |
| وحشت | دیوانگی، جنون |
| ہم محلہ | محلے دار، ایک ہی محلہ کے |

## سبق ۹ — یومِ دفاعِ پاکستان

| | |
|---|---|
| بے انتہا | بہت زیادہ |
| پیش قدمی | آگے بڑھنا |
| تاریخ رقم کرنا | تاریخ لکھنا۔ کارنامہ انجام دینا |
| تَن مَن دَھن قربان کرنا | سب کچھ لٹا دینا |
| سپوت | نیک لائق بیٹا |
| سیسہ پلائی دیوار | بہت مضبوط دیوار |
| شجاعت | بہادُری |
| قابض ہونا | قبضہ کرنا |
| مُنھ کی کھانا | شکست کھانا |
| ہمہ وقت | ہر وقت |
| یلغار | حملہ |

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

| | |
|---|---|
| سبق ۱۰ | اتفاق اور نا اتفاقی |
| بوندیں | بارش کے قطرے |
| بربادی | تباہی |
| قسمت | مقدر۔ بخت۔ نصیب |
| کارخانہ | کام کی جگہ۔ دُنیا |
| لطف | مزہ۔ لذت |
| مَثل | مثال۔ مقولہ |
| ملاپ | تعلق۔ میل جول |
| سبق ۱۱ | ہمارا ماحول اور آلودگی |
| اَٹا ہوا | گردوغبار سے بھرا ہوا |
| اشرف المخلوقات | تمام مخلوق سے افضل مراد انسان |
| اشیا | چیزیں، شے کی جمع |
| آلودہ | خراب۔ ناخالص |
| بالواسطہ | وسیلے یا ذریعے سے۔ بلاواسطہ کی ضد |
| بروئے کار لانا | عمل میں لانا |
| پھلنا پھولنا | بڑھنا۔ پرورش پانا |
| تعفّن | بدبو۔ سڑاند |
| تلف کرنا | ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا |
| ٹائی فائیڈ | ایک طرح کا بخار |
| جوہڑ | برساتی پانی سے جمع ہونے والا تالاب |
| چاق چوبند | چست۔ تن درست |

| | |
|---|---|
| چرند پرند | چرنے اور اُڑنے والے جانور اور پرندے |
| خدشہ | شک۔ ڈر |
| دوچار ہونا | سامنا کرنا |
| رشتہ | تعلق |
| روحانی | روح سے متعلق۔ دلی۔ قلبی |
| روزِ روشن کی طرح | کھلا۔ واضح |
| سازگار | موافق |
| سرایت کرنا | جذب ہو جانا۔ سما جانے کا عمل |
| صوتی | آواز سے متعلق |
| طمانیت | اطمینان۔ تسلّی |
| عوامل | اسباب۔ وجوہات |
| فطری صلاحیتیں | قدرتی خوبیاں۔ اللہ کی دی گئی قابلیت |
| کرۂ ارض | دُنیا۔ زمین |
| متعلقات | وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے وابستہ یا منسلک ہوں |
| مسرت | خوشی |
| مفید | فائدہ مند |
| موذی وبا | خطرناک بیماری |
| ناخوش گوار | ناپسندیدہ |
| نتیجتاً | نتیجے کے طور پر |
| سبق ۱۲ | وطن کا بہادر سپوت |
| آنکھ کا تارا ہونا | بہت پیارا ہونا |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

| | |
|---|---|
| بسلسلۂ ملازمت | ملازمت کے سلسلے میں |
| بیش تر | بہت سے |
| پیشِ نظر | سامنے۔ پہنچ کے اندر |
| سُودمند | فائدہ مند |
| شمشیر | تلوار۔ تیغ |
| لگاتار | مسلسل |
| مضافات | گِرد و نواح |
| مقیم | قیام کرنے والا۔ ٹھہرنے والا |
| نقل وحرکت | آنا جانا۔ ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانا |
| **سبق ۱۳** | **بادَل کا گیت** |
| آفت ڈھانا | ظُلم کرنا۔ غضب ڈھانا |
| بِلبلانا | تکلیف سے رونا۔ بے قرار ہونا |
| پَربَت | پہاڑ۔ کوہ |
| پَرچھائی | سایہ۔ عکس |
| تپتی | تیز گرم |
| دَھرتی | زمین |
| دھکیلا | دھکا دینا |
| دُھن میں | خیال میں۔ لگن میں |
| شوخ | شریر۔ چمکیلا |
| فانی | فنا ہونے والا۔ ختم ہونے والا |
| کائی | ننھا پودا جو پانی یا درختوں پر اُگتا ہے |

| | |
|---|---|
| نشیلی | نشہ آور، نشے میں بھرپور |
| **سبق ۱۴** | **حفظانِ صحت** |
| اُجاگر کرنا | نمایاں کرنا |
| اَشد | بہت زیادہ |
| اندیشہ | ڈر، خوف، خطرہ |
| تراشنا | کاٹنا |
| صحت | تن درستی |
| غلاظت | گندگی، ناپاکی |
| گُتّھی کُھلنا | حل نِکل آنا۔ مُشکل دُور ہونا |
| گُھلنا | دُبلا ہونا۔ پتلا ہو کر بہ جانا |
| مابین | درمیان |
| منتقل ہونا | ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا |
| ناگوار | ناپسند، نامناسب |
| **سبق ۱۵** | **اپنی حفاظت کریں!** |
| اجنبی | ناواقف |
| بھلے مانس | شریف |
| بیزاری | خفگی، ناراضی، ناخوشی |
| جواز | صحیح یا درست ہونا |
| دُرشت لہجہ | بُرا لہجہ، سخت لہجہ |
| دھونس میں آنا | رُعب میں آجانا، خوف زدہ ہو جانا |
| گریز کرنا | پرہیز کرنا، احتراز کرنا |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

| | |
|---|---|
| مدِّنظر رکھنا | پیشِ نظر رکھنا، آنکھوں کے سامنے رکھنا |
| ممکنہ | ممکن، جو ہو سکتا ہو |

## سبق ۱۶ مَری کی سیر

| | |
|---|---|
| حصار میں لینا | گھیرا ڈالنا |
| سیّاح | سیر کرنے والا۔ گھومنے پھرنے والا |
| شاہ راہ | بڑی سڑک |
| صحت افزا | صحت بڑھانے والا۔ صحت کے لیے مفید |
| عمر رسیدہ | بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔ قدیم |
| قُمقُمے | بلب۔ فانوس |
| کوہ سار | پہاڑ |
| مسافت | دُوری، فاصلہ |
| مصنوعات | اشیا۔ چیزیں |
| ملبوسات | لباس۔ کپڑے |

## سبق ۱۷ پُرانی موٹر

| | |
|---|---|
| خرابہ | کھنڈر۔ خراب حال |
| دَست | ہاتھ |
| رَہرو | مُسافِر۔ راہ گیر |
| غمِ دوراں | زمانے کا غم |
| لغزِش | پھِسلن۔ غلطی |
| مَلامَت کرنا | بُرا بھلا کہنا |
| مُشقّت | محنت۔ تکلیف |
| نَدامت | شرمندگی۔ اَفسوس |
| وقتِ خرام | چلنے کا وقت |

## سبق ۱۸ مادرِ ملّت محترمہ فاطمہ جناح رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہَا

| | |
|---|---|
| احاطہ | صحن۔ آنگن |
| آراستہ کرنا | لیس کرنا۔ تیار کرنا |
| آمادہ کرنا | راضی کرنا۔ منا لینا |
| جدّ و جہد | جستجو۔ کوشش۔ محنت۔ مشقت |
| داغِ مفارقت دینا | انتقال کرنا |
| دُنیائے خالی | عارضی دُنیا |
| ڈینٹل سرجن | دانتوں کا ڈاکٹر |
| رہائش پذیر ہونا | رہائش اختیار کرنا |
| زیورِ تعلیم | تعلیم کی دولت مراد علم کی دولت |
| سپُردِ خاک کرنا | دفن کرنا |
| شخصیت | اہم لوگ |
| قابلِ تقلید | پیروی کے قابل |
| کانوینٹ | مسیحی مدرسہ |
| کوچ کرنا | چلے جانا |
| کوششیں رنگ لانا | کامیابی ملنا۔ کامیاب ہو جانا |
| لُٹے پِٹے | برباد |
| لقب | قوم کی طرف سے دیا گیا نام |
| مادرِ ملت | قوم کی ماں، محترمہ فاطمہ جناحؒ کا لقب |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

| | |
|---|---|
| متعدد | کئی۔ بہت سے |
| معرضِ وجود میں آنا | وجود میں آنا۔ قیام عمل میں آنا |
| وکالت | ایک پیشہ جس میں عدالت میں مقدمہ لڑا جائے |
| ہنر | فن |

## سبق ۱۹ زراعت اور صنعت

| | |
|---|---|
| اجناس | جنس کی جمع۔ مراد غلہ کی اقسام |
| انقلاب برپا کرنا | بڑی تبدیلی لانا |
| آلاتِ جراحی | سرجری میں استعمال ہونے والے آلات |
| برآمدات | ملک سے باہر بھجوائی جانے والی تجارتی اشیا |
| پُرمشقت | جس میں زیادہ محنت درکار ہو |
| ترقی پذیر | ترقی پانے والا۔ آگے بڑھنے والا |
| تسلی بخش | اطمینان بخش |
| جراثیم کش ادویات | جراثیم مارنے والی دوائیاں |
| چولی دامن کا ساتھ ہونا | لازم و ملزوم ہونا |
| خام مال | غیر تیار شدہ اشیا جن سے دوسرا سامان تیار ہوتا ہے |
| دست کاری | ہاتھ کا کام۔ کاری گری |
| دن دُگنی رات چوگنی | تیزی سے ترقی کرنا |
| زرِ مبادلہ | بیرونی سکہ کی شکل میں رقم کا حصول |
| سودمند | فائدہ مند۔ مفید |
| شرحِ پیداوار | پیداوار کی اوسط |
| صبر آزما | صبر آزمانے والا۔ قوتِ برداشت کا امتحان لینے والا |
| طریقِ عمل | کام کرنے کا طریقہ۔ روش۔ رویّہ |
| قدیم ترین | سب سے پرانا |
| کِرم کُش | جراثیم/کیڑوں کو مارنے والی دوا |
| کی بدولت | کی وجہ سے |
| گیہوں | گندم |
| متعارف ہونا | جان پہچان پیدا کرنا |
| ناقابلِ یقین | جس پر یقین نہ کیا جا سکے |
| نشریات | ریڈیو یا ٹیلی وژن پر نشر ہونے والا پروگرام |
| ہنر کاری | فن کاری |

## سبق ۲۰ اچھّے اِنسان

| | |
|---|---|
| الٰہی | اے میرے معبود |
| پیکر | سراپا، مجسمہ |
| جدوجہد | کوشش |
| سازش | خفیہ تدبیر |
| شانہ بشانہ | ساتھ ساتھ |
| فقط | صرف |
| منصب | عہدہ |
| وابستگی | تعلق |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale